پریس ریلیز

گوجرانوالہ 31 جنوری 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب کی وفد کے ہمراہ کمشنر گوجرانوالہ نوید شرازی سے اہم ملاقات ۔جبکہ وفد میں سابق صدر خواجہ ضرار کلیم، سابق سینئر نائب صدر محمد اجمل اعوان و دیگر شامل تھے۔وفد کی قیادت کرتے ہوئے صدر چیمبر شیخ فیصل ایوب نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ملکی معاشی صورتحال مکمل طور پر گوں مگوں کا شکار ہو چکی ہے کاروباری حالات دن بدن ابتر ہوتے جا رہے ہیں مشکل ترین حالات میں جو انڈسٹری مالکان صرف اور صرف مزدوروں کے روزگار بچانے اور ان کے گھروں کے چولہے چلتے رہیں کی پالیسی پر فیکٹریاں چلا رہے ہیں۔گوجرانوالہ میں پارکنگ سے کاروباری برادری سخت پریشان ہے دیگر شہروں سے آئے تاجر حضرات مناسب پارکنگ کا بندوبست نہ ہونے کی وجہ سے گوجرانوالہ کا رخ نہیں کر رہے۔

کمشنر گوجرانوالہ نوید شرازی نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ میں اتفاق کرتا ہوں کہ ملکی کاروباری حضرات انتہائی کٹھن مراحل سے گزر رہے ہیں۔موجودہ کاروباری حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام وہ ادارے جو انڈسٹری اور ٹریڈ سے وابستہ ہیں انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ بزنس کمیونٹی کے ساتھ تعاون کریں۔اگر کسی محکمہ کو کسی بھی صنعتیں سے کوئی مسئلہ درپیش ہے تو فوری کاروائی کی بجائے چیمبر آف کامرس کو اعتماد میں لے تاکہ باہمی رضامندی اور مشاورت سے مسائل کا حل تلاش کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر میں جن مسائل کی طرف نشاندہی کروائی ہے شہر کی بہتری اور ترقی کیلئے ان منصوبوں کی فوری تکمیل بڑی اہم ضرورت ہے اس منصوبوں کی تکمیل کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں گے۔علاوہ ازیں بزنس کمیونٹی کو جن اداروں کے ساتھ تحفظات ہیں ان کی الگ الگ میٹنگز رکھی جائیں گی جن کی سربراہی میں خود کروں گا تاکہ اس مشکل وقت میں کاروباری لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کی جاسکیں۔